2025年5月16日ジャング紙ラホール版1面

# قوم کو فتح مبارک، فوجی قوت سے دنیا دنگ، پانی اور کشمیر پر مذاکرات ہونے چاہئیں، وزیر اعظم، آج ملک بھر میں یوم تشکر

**16مئی ، 2025**

اسلام آباد (نمائندہ جنگ) وزیر اعظم شہباز شریف نے بھارت سے لڑائی میں قوم کو فتح کی مبارک دیتے ہوئے آج ملک بھر میں یوم تشکر بنانے کا اعلان کیا ہے۔ وزیر اعظم نے کہا کہ ہماری فوجی قوت سے دنیا دنگ رہ گئی۔ انہوں نے کہا کہ بھارت اور پاکستان کے درمیان پانی اور کشمیر پر مذاکرات ہونے چاہئیں۔ وزیر اعظم نے سپہ سالار عاصم منیر و افواج کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ چند گھنٹوں میں دشمن کے ساتھ وہ کیا جسے دنیا یاد رکھے گی، عوام کے مفاد میں جنگ بندی کی تجویز کا مثبت جواب دیا۔ شہباز شریف نے کہا کہ جنگ میں پاکستان کی فتح نے دنیا میں طاقت کا توازن بدل ڈالا۔ قوم افواج کے ساتھ سیسہ پلائی دیوار بن کر کھڑی رہی۔ وزیر اعظم شہباز شریف نے جنگ بندی پر امریکا، چین، ترکیہ، سعودیہ، امارات اور قطر کی قیادت کا شکریہ ادا کیا۔